08/03/2026

09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **اشفاق امین**

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا کہ وہ جموں کشمیر کو روحانیت کے ایک اہم مرکز کے طور پر اجا گر کرنے کے وعدہ بند ہیں۔انہوں نے کہا کہ مسلسل پانچ سال کی کوششوں کے بعد یہ خواب اب دور نہیں رہاہے۔ منوج سنہا نے کہا ہے کہ صدیوں بعد جموں کشمیر پھر سے حقیقی، روحانی ، ثقافتی اور سماجی احیاءکا مشاہدہ کر رہا ہے۔ وہ کل شیو کھوڑی جمونمیں بنیادی ڈھانچے کوتقویت بخشنے اور جاذبیت میں اضافہ کرنے کیلئے مکمل کئے گئے کئی کامونکا افتتاح کر رہے تھےیہ کام JSW گروپ نے کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کے تحت مکمل کئے ہیں۔ ایل جی نے گروپ کے اس کام کو انسانیت کیلئے اہم قرار دیا۔

...........LG...........

عمر عبداللہ

وزیرا علیٰ عمر عبداللہ نے محکمہ بجلی کے لائین مینوں سے تاکید کی ہے کہ وہ منصبی فرائض کی انجام دہی کے دوران حفاظتی ساز و سامان کا مناسب استعمال کریں ۔ انہوننے صفر کیجولٹی کے ہدف کی حصولیابی کیلئے محکمہ بجلی کو فیلڈ سٹاف کی تربیت یقینی بنانے اور حفاظتی پروٹوکال کو سختی سے اپنانے کی بھی ہدایت دی ہے ۔وہ کل جموں میں لائین مین دیوس کے موقعے پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے لائین مینوں کو پاؤر ڈیپارٹمنٹ فوجی اور ورک فورس قرار دیتے ہوئے ان کی خدمات کی ستائش کی ۔

...............CM...........

وزیر اعلیٰ نے تجویز دی ہے اگلے لائین مین دیوس میں ایوارڈ یافتہ گان کیلئے نقد انعاما ت متعارف کرائے جائیں تاکہ ان کی پہنچان زیادہ معنی خیز ہو ۔

عالمی دن

آج خواتین کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔اس سال اس دن کا تھیم " تمام خواتین اور لڑکیوں کیلئے،حقوق، انصاف، عمل رکھا گیا ہے۔ اس دن زندگی کے مختلف شعبوں میں خواتین کے بے

مثال رول کو اُجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ اُن کے حقوق کو تحفظ دینے سے متعلق جامع بیداری پیدا کی جا تی ہے۔ اس دن کی مناسبت سے پورے ملک میں تقاریب کا اہتمام ہورہا ہے۔

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے خواتین کے بین الاقوامی دن پر خواتین کو مبارکباد دی ہے ۔ ایک سوشل میڈیاپوسٹ میں انہوننے کہا کہ سماج اور قوم کی تعمیر میں خواتین ایک اہم رول ادا کر رہی ہیں۔ صدر جمہوریہ آج وگیان بھون نئی دلی میں یوم خواتین کے حوالے سے منعقدہ نیشنل کنوینشن میں شرکت کریں گی۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقعے پر جموں کشمیر کی خواتین کو مبارکباد پیش کی ہے ۔ اپنے پیغام میں ایل جی نے کہا کہ ملک کے مستبقل کی تشکیل میں ان کی غیر متزلزل کوششوں پر انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔

ASMITA

ملک بھر میں کھیلوں میں خواتین کی شرکت کو فروغ دینے کیلئے اس سال خواتین کے عالمی دن کے موقعے پر ASMITA-لیگ کا انعقاد کیا جا رہا ہے

اس اقدام کے تحت ملک کی 30سے زائد ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کے 250مقامات پر خواتین کیلئے کھیل کود کے متعدد مقابلے منعقدکئے جائیں گے۔

پلیٹ فارم سال 2021میں لانچ کیا گیا تھا اور یہ کھیلو انڈیا کے ایک اہم جُز ASMITA واضح رہے کے طور پر اُبھرا ہے ۔

ڈویژنل کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران کشمیر صوبے میں مائیگرنٹ ملازمین کیلئے تعمیر ہو رہی ٹرنزٹ رہائش کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر بتایا گیا کہ وادی میں20مقامات پر کل6ہزار فلیٹ تعمیر کئے گئے ہیں جن میں سے 4ہزار112مکمل کئے جا چکے ہیں اور 3ہزار257فلیٹ ملازمین کو الاٹ کئے گئے ہیں۔ریلیف اینڈ ریہبلٹیشن کمشنر نے جانکاری دی کہ باقی ماندہ 680فلیٹس اس سال اپریل مہینے کے آخر تک مکمل کئے جائیں گے ۔

تعزیت

محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ کے ڈائریکٹر نتیش راجور ا ، کشمیر صوبے کے جوائنٹ ڈائریکٹر سید شہنواز بخاری ، ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن محمد رفیق زُلا، کلچرل آفیسر کشمیر اور محکمہ کے دیگر عملے نے معروف صحافی اور روز نامہ ندائے مشرق کے مد یر اعلیٰ عبدالرشید شاہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین کے ساتھ تعزیت کا اظہا رکیا ۔

اس سلسلے میں جوائنٹ ڈائریکٹر آفس سرینگر میں ایک تعزیتی میٹنگ منعقد ہوئی جس میں مرحوم صحافی کی صحافت کے تئیں خدمات اور محکمہ اطلاعات کے ساتھ وابستگی کو یاد کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

کرکٹ

عالمی کپ کرکٹ کے فائنل میچ میں آج احمد آباد کے نریندر مو دی اسٹیڈیم ICC-T-20 مردوں کے میں بھارت کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ہو گا۔

یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام سات بجے شروع ہوگا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت4 اعشاریہ8 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت17 اعشاریہ 8ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ